"ہفتۂ بزرگان" عمر رسیدہ شہریوں کی خدمات اور ضروریات پر توجہ دیتا ہے ـــــ یعنی حکومت انٹاریو کی جانب سے بزرگ شہریوں کو مہیا کی جانے والی خدمات کو بڑھاتا اور ان کی تشہیر کرتا ہے اور تمام انٹاریو کی کمیونٹیوں میں تفریحی اور سماجی خدمات کے ارتقاء کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

بزرگ شہریوں نے بار بار یہ ثابت کیا ہے کہ ان کی زندگیاں تخلیقی اور بار آور دونوں ہو سکتی ہیں۔

مثلاً کئی بزرگ آدمی رضاکارانہ طور پر دوسرے عمر رسیدہ شہریوں کی امداد کر رہے ہیں۔ جیسے انہیں ضروری اپائنٹمنٹ کے لیے اپنی گاڑی میں لے جانا، انکم ٹیکس کے فارم بھرنے میں مدد کرنا، انہیں تعلیم دینا اور ان کے تجربوں میں شریک ہونا۔

کیا آپ جانتے تھے کہ بزرگ شہریوں کے لیے جسمانی فٹ رہنے کے کئی پروگرام ہیں جن میں آپ شریک ہو سکتے ہیں؟ (بشمول بزرگ شہریوں کے اولمپکس کے جن کا انٹاریو کی بعض کمیونیٹیوں میں انتظام ہے۔)؟

کیا آپ کو معلوم تھا کہ عمر رسیدہ شہریوں نے اپنے مخصوص شوق و ذوق کے لیے خود کئی کلب قائم کیے ہوئے ہیں جن میں آرٹ سے لے کر دنیا کی سیاحت تک ہر چیز شامل ہے؟

یہاں انٹاریو میں بزرگ شہریوں کے ایک ہزار کلب اور ڈراپ ان سنٹروں کے ساتھ ساتھ آپ کی کمیونٹی میں بھی ان کا ایک کلب ضرور ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مخصوص مشاغل کے کئی خاص کلب ہیں جن میں عمر کی قید نہیں ـــ جیسے کیمرہ کلب، باغبانی کلب، مطالعہ کی جماعتیں ـــ غرض ہر چیز جس کے لیے بالآخر وظیفہ یاب لوگوں کے پاس وقت ہوتا ہے۔

خاص گرانٹس اور دوسری امداد کے ذریعہ معمر لوگوں کو پھر سے سکول اور یونیورسٹی جانے کا موقعہ مل رہا ہے تاکہ وہ نئے بزنس سیکھیں اور نئے مشاغل پر توجہ کریں۔

بزرگ شہریوں کے لیے جو پروگرام اور خدمات مہیا ہیں ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے کمیونٹی اور سوشل سروسیس کی وزارت نے ابھی ابھی ایک کتابچہ "RESOURCES FOR SENIOR CITIZENS" کے نام سے شائع کیا ہے۔

اگر آپ اس کی ایک کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو کمیونٹی اور سوشل سروسیس کی وزارت کے مقامی دفتر سے حاصل کیجئے یا اس پتے پر خط لکھئے:

Senior Citizens' Bureau
Ministry of Community and
Social Services
Hepburn Block, 4th Floor
Queen's Park, Toronto.
M7A 1S2

Ministry of Community and Social Services
Rene Brunelle, Minister

Government of Ontario
William Davis, Premier

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک پاکستانی نوجوان عمر تقریباً ۳۵ سال خواہش مند عقد ثانی، پہلی بیوی سے علیحدگی ہو چکی ہے (دو بچے عمر سولہ اور چودہ سال خود کفیل مقیم کینیڈا) کامرس گریجویٹ، شیخ سنی تعلق کراچی، مستقل ملازمت سفارت خانہ پاکستان کے واسطے سنی تعلیم یافتہ غریب لڑکی رہائش کینیڈا سے جلد رشتہ درکار ہے۔ خط و کتابت بمعرفت

M. AMIL SIDDIQUI
235 CHARLOTTE ST.
APT. # 16
OTTAWA, ONT.
CANADA

•

ضرورت ہے

اس اخبار کے لیے کینیڈا اور امریکہ کے تمام علاقوں سے نامہ نگاروں اور ایجنٹس کی ضرورت ہے۔ اگر آپ دلچسپی رکھتے ہوں تو ہمیں خط لکھیئے۔
(ادارہ)

•

ایک ضروری تصحیح

[illegible] جون کے شمارے میں [illegible] پاکستان [illegible] کے اشتہار میں جہاز کی روانگی کے روز [illegible] سے منگل اور [illegible] جہاز کی روانگی منگل اور [illegible] شام کے ساڑھے [illegible] بجے ہوگی قارئین نوٹ فرما لیں۔
(ادارہ)

پاکستان میں اولمپک کھیلیں منعقد نہ کرانے کا قطعی فیصلہ کرلیا گیا

خوشخبری !!

الشیاء ہاؤس انٹرنیشنل فوڈ مارکیٹ لمیٹڈ

کا افتتاح ہوگا

جہاں آپ کو نہایت ہی سستے داموں پر حلال گوشت، مرغیاں، مسالہ جات، دالیں، باسمتی چاول، اور تازہ سبزیاں مہیا کی جائیں گی اور حسب ذیل علاقوں میں مفت ڈلیوری کا انتظام ہوگا۔

HAMILTON, BURLINGTON, DUNDAS, OAKVILLE, MISSISSAUGA, STONY CREEK, GRIMSBY, WATER-DOWN, BRANTFORD, CAMBRIDGE, PARIS, KITCHNER, BEAMSVILLE, JORDAN HARBOUR, ST. CATHERINES, WELLAND, NIAGARA FALLS, FORT EARI, BUFFALO & USA

ایشیائی کھیلوں کی فیڈریشن کو فیصلے سے آگاہ کیا جارہا ہے

تربیلا بند کے نقصان اور عالمی افراط زر کے سبب اخراجات ناقابل برداشت ہوگئے تھے: معراج خالد

[illegible]

اسلامی سوشلزم کے مخالفین سائنٹیفک سوشلزم کی داعی جماعت کے حامی ہیں: مولانا کوثر نیازی

[illegible]

ہندو لیڈر کی قرآن کریم کے خلاف دریدہ دہنی

بھارتی مسلمانوں کا شدید احتجاج

[illegible]

کرشن چندر کی بہن سرلا دیوی ٹریفک کے حادثے میں ہلاک ہوگئیں

[illegible]

ظاہر شاہ خفیہ طور پر کابل پہنچ گئے

[illegible]

افتتاح

FOR SALE
N. MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454

مظفر رئیل اسٹیٹ آپ کی سہولت اور آرام کے لیئے
اپنے نئے دفتر کے افتتاح کا اعلان کرتے ہیں۔
تشریف لا کر خدمت کا موقع دیجیے۔

FOR SALE
N. MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ
کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا
بندوبست کرنے کے لیئے ہر وقت تیار پائیں گے۔

حکومت اونٹاریو کی جانب سے ملنے والی پندرہ سو ڈالر
کی گرانٹ کی وضاحت کے لیئے ہمیں فون کیجئے۔

[illegible] BAYVIEW AVENUE, WILLOWDALE, ONTARIO [illegible]
(Bayview Village Plaza, Suite 219)

MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

پندرہ مسلمان شہید ہو گئے

ہمیں دھمکیوں سے مرعوب نہیں کیا جا سکتا۔ اندرا گاندھی

[illegible]

مصطفےٰ پور کے تین ہزار مکانات میں سے ایک بھی محفوظ نہیں رہا

آتش زدگی کے بعد سے بہت سی مسلمان خواتین اور بچے لاپتہ ہیں

[illegible]

کینیڈا کے سفیر نے اردو میں خطبہ استقبالیہ پڑھا

[illegible]

ایران اور عراق کے سرحدی [illegible] دستاویزات پر دستخط ہو گئے

[illegible]

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY

614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

انٹاریو میں گھر خریدنے والوں کو پندرہ سو ڈالر کی امداد

اسے کون حاصل کرے گا؟ کیسے؟ کب؟ کیوں؟

حکومت انٹاریو سمجھتی ہے کہ آپ کے لیے خود اپنا ایک گھر ہونا کتنی اہمیت رکھتا ہے۔ اور ہم اسی لیے آپ کو اپنا پہلا گھر خریدنے میں پندرہ سو ڈالر کی امداد دینا چاہتے ہیں۔ یہ انٹاریو میں زیادہ سے زیادہ گھر مہیا کرنے کے ہمہ گیر منصوبے کا ایک حصہ ہے اور ہماری معیشت کو مضبوط بناتا ہے۔ چنانچہ یہ ہم سب کے لیے بہتر ہے۔

اپنے سوالات کے جواب حاصل کرنے کے لیے ہمیں یعنی (MINISTRY OF REVENUE, QUEEN'S PARK, TORONTO) کو فون کیجیے۔ "0" ڈائیل کرکے آپریٹر سے ZENITH 8-2000 کی لائن مانگیے جس کا کوئی خرچ نہیں ہوگا۔ میٹرو ٹورانٹو کے مقامی ٹیلی فون کے حدود میں رہنے والے 965-8470 پر ربط قائم کریں۔

Ontario

W. Darcy McKeough
Treasurer of Ontario

William Davis
Premier

Arthur Meen
Minister of Revenue

پاکستان کے رفیع الدین احمد [illegible] کے اسسٹنٹ ایڈیٹر مقرر ہوں گے

[illegible]

پاکستان کے جاسوس کبوتر

بھارت کے لئے نئی پریشانی

[illegible]



سرفراز نواز کو برطانوی فلم کمپنی میں کام کرنے کی پیشکش

کرکٹ میری زندگی ہے۔ سرفراز نواز

[illegible]

گورنمنٹ کی شاندار پیشکش ... سے فائدہ اٹھائیے

SOLD





SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

Complete Real Estate Service Throughout Ontario

متحدہ جمہوری محاذ مسئلہ کشمیر کو ختم کرنے کی سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کریگا۔ مفتی محمود

آزاد کشمیر کے انتخابات شہریوں کے آئینی حقوق کی توہین کے مترادف ہیں

لاہور ۔۔۔ سربراہ جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا مفتی محمود نے ملک بھر میں جمعیت علماء اسلام کی تمام شاخوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ متحدہ جمہوری محاذ کے اعلان کے مطابق ... آزاد کشمیر کے انتخابات میں حکومت پاکستان کی مداخلت کے خلاف احتجاج کریں ...

ایشیائی کھیلیں پاکستان میں نہ ہونے کے باوجود سپورٹس کمپلیکس تعمیر ہوگا

اسلام آباد (پ پ ا) اسلام آباد میں سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر ...

پاکستان کو بھارت کے ایٹمی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے فضائی دفاع کا موثر نظام جلد قائم کرلینا چاہیے ۔ بی بی سی

لندن ۔۔۔ بی بی سی ...

سلہٹ کو بنگلہ دیش سے آزاد کرانے کی جدوجہد تیز ہو گئی

پاکستان کا پرچم سلہٹ پر لہراتا رہے گا

بھارتی ایجنٹوں نے ہزاروں حریت پسندوں کو جیلوں میں ڈال رکھا ہے

اپوزیشن اراکین اسمبلی کی تقریریں پوری طرح شائع اور نشر نہیں کی جاتیں

اسلام آباد ۔۔۔ (پ پ ا) آج قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس ...

نہر سویز کا دوبارہ کھلنا مصر کی تاریخی فتح کا مظہر ہے

کراچی میں آتش زدگی

چار دکانیں جل گئے

کراچی ۔۔۔ (پ پ ا) ...

Please Visit Us for

Masalas, Rice,

Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVENUE,
TORONTO

Phone 463-1287





وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفے لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوائیے

خوابوں کی تعبیر۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International

Unique Trade & Commerce

P. O. BOX 388 STATION 'J'
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone: (416) 459-0820

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورونٹو۔ کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سنو! اولیاء اللہ کے دوست ہی وہ ہیں جن کو نہ خوف اور نہ غم ہوگا (القرآن)

عرب ممالک میں شرانگیز بھارتی پروپیگنڈا

قصور ہمارا اپنا ہے!

... ذی حلقوں میں اس امکانی اطلاع پر تشویش و اضطراب کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ بھارتی حکمرانوں نے مشرق وسطیٰ کے عرب ممالک اور پاکستان کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لیے ایک شرمناک مہم شروع کی ہے۔ عرب ملکوں کا دورہ کرنے والے بھارتی زعما نہ صرف انہیں مشترکہ منصوبے قائم کرنے کی ترغیب دے رہے ہیں بلکہ پاکستان کے خلاف بھی یہ شرمناک افواہیں پھیلا رہے ہیں کہ ہند چینی کی جنگ ختم ہونے کے بعد امریکہ اپنا تمام جنگی ساز و سامان اور فوجیں بھی پاکستان منتقل کر رہا ہے۔ اور پاکستان ایک دن خود ... کے لیے خطرہ ثابت ہو گا۔ وہ ملازمتوں کے لیے عرب ملکوں میں جانے والے پاکستانیوں کے خلاف بھی نفرت پھیلاتے ہیں کہ پاکستانی ... اور ممالک کو اپنی نوآبادیاں بنا رہے ہیں۔ اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں کہ عرب ممالک اپنی طاقت بھارت سے انتہائی قریبی تعلقات اور ... کے مختلف شعبوں میں اشتراک و تعاون کریں۔ بھارت مشرق وسطیٰ کی ایک ابھرتی ہوئی طاقت ایران کے ساتھ تو صنعتی، تجارتی اور ترقیاتی اشتراک کے معاہدے بھی کر چکا ہے۔ مصر کے ساتھ ... کے مشترکہ منصوبوں کے ضمن میں بات چیت ہو رہی ہے۔ اور لیبیا کے ساتھ پٹرول کی مشترکہ تلاش اور پیٹرو کیمیکل انڈسٹریز کے قیام کے سلسلے میں اشتراک کی راہیں تلاش کی جا رہی ہیں۔

بھارت بلاشبہ ایک بڑا ملک ہے۔ وہ اپنی آبادی، وسائل، رقبہ وغیرہ کے اعتبار سے پاکستان کے مقابلہ میں کئی گنا بڑا ملک ہے۔ اسے برطانوی سامراج سے مضبوط صنعتی و اقتصادی بنیاد ورثہ میں ملی تھی جس کی بدولت اس نے بڑی جلدی اپنی مصنوعات برآمد کرنے کی صلاحیت پیدا کر لی تھی۔ اور وہ ایک عرصہ سے مشرق وسطیٰ کی منڈیوں میں اپنا مال بھی فروخت کر رہا ہے۔ ایک بڑے ملک کی حیثیت سے اس علاقہ میں اس کا بہرحال ایک کردار ہے اور پاکستان یہ کبھی نہیں چاہتا ہے کہ وہ اپنا یہ کردار ادا نہ کرے۔ لیکن جب بھارتی زعما اپنے اس جائز کردار سے تجاوز کر کے یہ خواب دیکھنے لگے ہیں کہ وہ اس خطہ میں برطانوی سامراج کے جانشین ہیں۔ انہیں انڈونیشیا سے لے کر ڈاکاسکر تک کا علاقہ اپنے سیاسی اثر و نفوذ یا اپنی سیاسی بالادستی میں لانے کا حق حاصل ہے۔ اور اس کے ساتھ وہ پاکستان کو اپنے جائز اسلامی جغرافیائی، تاریخی و ثقافتی کردار سے محروم کر کے بلکہ پاکستان کو خواہ مخواہ بدنام کر کے عرب اسلامی صفوں میں رخنہ اندازی کے خیال سے آگے بڑھتے ہیں تو اہل پاکستان کے دلوں میں بجا طور پر تشویش و اضطراب اور خدشات و خطرات جنم لیتے ہیں۔ پاکستانی چونکہ بھارتی حکمرانوں کی عیاری، غداری، دھوکہ، بد معاملگی، سازشی صلاحیت اور عریاں جارحیت کا ذاتی طور پر تجربہ کر چکے ہیں اس لیے انہیں مشرق وسطیٰ کی ... بھارتی چالوں کو کھٹکے ہیں کسی وقت محسوس ہی ...

پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کے متعلق ... یہ کوئی راز کی بات نہیں کہ پاکستان کو امریکہ کی دوستی اور حلیفی کی بڑی بھاری قیمت ادا کرنی پڑی ہے اور ہم نصف ملک ہاتھ سے گنوانے کے بعد بھی باقیماندہ پاکستان کے دفاع کے لیے ... اسلحہ حاصل نہیں کر سکے۔ امریکہ نے پاکستان کو ہتھیار فروخت کرنے پر پابندی ختم کی ہے لیکن اس نے بھارت کو بھی یہ سہولت دی ہے پاکستان سے کوئی خاص رعایت نہیں کی اور جتنا ملنے والے اسلحہ میں سے کچھ ابھی تک کچھ نہیں ملا۔ رہی امریکی امداد تو ہمارے خیال میں اب اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ امریکہ سے ہمیں محض طفل تسلیاں مل رہی ہیں عملاً امداد کا دور دور تک نام و نشان نظر نہیں آتا۔

بھارتی حکمرانوں کو مشرق وسطیٰ میں ہمارے مسلمان بھائیوں میں اگر پاکستان کے خلاف شرمناک پروپیگنڈہ کرنے یا ہماری ساکھ خراب کرنے کا موقع مل رہا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ اس کی ایک بڑی وجہ ہم خود ہیں۔ ہم نے کبھی عربوں کو بتانے کی کوشش ہی نہیں کی کہ پاکستان اور بھارت میں کیا فرق ہے؟ پاکستان کیوں معرض وجود میں آیا تھا؟ برصغیر کے مسلمانوں نے کیوں علیحدگی اختیار کی تھی؟ اور بھارت میں رہنے والے مسلمان نسل کشی کے کس بھیانک خطرہ سے دوچار ہیں؟ بھارتی حکمران کس طرح ایشیا کو برہمنی سامراج کے چنگل میں لانے کی تگ و دو کر رہے ہیں؟ وہ یہودیوں، عیسائیوں، کمیونسٹوں اور متعصب مغربی عناصر کے ساتھ مل کر کس طرح اسلام کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں؟ اس کے برعکس ہم خود انتشار و خلفشار میں مبتلا ہیں۔ ہم اپنی منزل بھول رہے ہیں اور ہم یہ فراموش کر بیٹھے ہیں کہ قیام پاکستان ہمارا اصلی نصب العین نہیں تھا۔ حصول مقصد کی ایک منزل تھی اور ہمارا اصلی نصب العین اسلام کی نشاۃ ثانیہ، دنیائے اسلام کا اتحاد و یکجہتی اور سبز ہلالی پرچم کی دنیا بھر میں سربلندی ہے۔ اس کی بجائے ہم دو سوشلزم، سائنٹیفک سوشلزم اور اسلامی سوشلزم کے گورکھ دھندوں کی سرابوں میں بھٹک رہے ہیں۔ ہمارے بعض عرب بھائی سوشلزم کا بھاری پتھر چوم کر چھوڑ چکے ہیں اور یہ محسوس کر رہے ہیں کہ نجات کی راہ صرف اور صرف اسلام ہے۔ چنانچہ جب ان کے ساتھ بھارت والے ـــ بھارت بھی سوشلزم کا علمبردار ہے اور ایک سوشلسٹ ملک ہونے کا دعویدار ہے ـــ سوشلزم کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو وہ سوشلسٹ پاکستان اور سوشلسٹ بھارت میں سے موخر الذکر کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اس لئے ہمارے لئے فلاح و نجات کی راہ صرف اور صرف اسلامی صراط مستقیم ہے اور سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم قومی خلفشار و انتشار کو دور کریں۔ اپنی منزل واضح کریں ... حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ... آخری نبی اور مکمل ترین ضابطہ حیات پیش کرنے والے پیغمبر کی بجائے صرف ... انقلابی ... ہیں تو ہم اور پھر ... انقلابی رہنماؤں کی آمد کی گنجائش باقی رکھتے ہیں اور ایسے ہی ... انقلابی رہنماؤں کو پاکستان ... جب ... اسلام اور شریعت ... کی بجائے ... انقلابی رہنماؤں کے چکر میں الجھیں گے تو عربوں کو بھی پاکستان سے ... ہو جائے گی۔

مدینۃ النبی کا بازار

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بازار تشریف لے گئے لوگ اپنا اپنا سامان تجارت لیے بیٹھے تھے خریدار مول تول میں مصروف تھے۔ جب دکانداروں نے آپ کو تشریف لاتے دیکھا تو ہر ایک آرزو کرنے لگا کہ آپ اس کے پاس آئیں وہ لوگ بجا طور پر توقع رکھتے تھے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس کے پاس ٹھہر جائیں اس کے کاروبار میں برکت ہو گی۔ ایک بوڑھا شخص غلے کا ڈھیر لگائے بیٹھا تھا۔ دانے بظاہر عمدہ تھے۔ حضور اکرمؐ اس کے پاس گئے۔ اس کے ڈھیر میں ہاتھ ڈال کر مٹھی بھر دانے اٹھائے غلے کے اندر ہاتھ گیا تو آپ کو کچھ نمی سی محسوس ہوئی۔ پوچھا یہ کیا بات ہے؟ غلہ فروش بوڑھے نے کہا "حضورؐ بارش کی وجہ سے غلہ گیلا ہو گیا ہے۔" آپؐ نے فرمایا نمی والے حصے کو اوپر کیوں نہیں کر دیتے کہ لوگ دیکھ لیں۔ یاد رکھو جو شخص دھوکہ دیتا ہے وہ ہم میں سے نہیں۔ بوڑھا غلہ فروش کانپ اٹھا۔ یہ بہت بڑی وعید تھی کہ وہ مسلمانوں کی جماعت سے خارج سمجھا جائے گا۔ اس نے اسی وقت غلے کو الٹ پلٹ کر گیلے حصے کو الگ کر دیا اور خشک دانوں کو علاوہ نہ صرف یہ بلکہ اس دن جو کمائی ہوئی وہ اس نے اللہ کی راہ میں صدقہ کر دی۔ تاکہ اس کے قصور کی تلافی ہو جائے۔

اس دن سے مدینے کے بازار میں لوگ ناقص مال کو الگ کر کے رکھ دیتے تھے۔ گاہکوں کو دھوکہ نہیں دیتے تھے۔ جو نقص ہوتا تھا خود ہی بتا دیتے تھے کہ اس میں یہ خرابی ہے پھر تو مسلمان تاجروں کی ایسی ساکھ قائم ہو گئی کہ یہودی اور نصرانی بھی اپنے ہم قوموں سے سودا نہیں خریدتے تھے اپنے لڑکوں اور غلاموں کو تاکید کر کے بھیجتے تھے کہ مسلمانوں کی دکان سے سودا خرید کر لائیں۔ کیونکہ ان کا مال خالص ان کا سودا کھرا اور دام واجبی ہوتے ہیں۔

مدینے کا بازار ہر طرح کے دھوکے فریب مکر اور جھوٹ سے پاک تھا۔ آپؐ کا یہ ارشاد ہر تاجر کے پیش نظر رہتا تھا:
"مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے کسی مسلمان کے لئے اپنے بھائی کو کوئی عیب دار سودا دینا جائز نہیں۔ جب تک وہ اچھی طرح بتا نہ دے۔"

لین دین میں بڑی خرابیاں تھیں۔ نفع خور تاجر اپنی بات کا پاس لحاظ نہیں کرتے تھے، کسی کے ہاتھ کوئی مال فروخت کرتے قیمت پر سمجھوتہ ہو جاتا اور بیع ہر طرح سے مکمل ہو جاتی مگر کوئی خریدار نکل آتا اور زیادہ دام لگا دیتا تو وہ پہلی بیع کو توڑ دیتے اور مال دوسرے کے ہاتھ بیچ دیتے اس پر جھگڑا اٹھ کھڑا ہوتا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ممانعت فرمائی۔
"ایک کی بیع مکمل ہونے کے بعد دوسرا اس پر بولی نہ دے کر سودا نہ کرے۔"

اونٹوں، بکریوں، گھوڑوں اور دوسرے مویشیوں کی خرید و فروخت کے لئے جب بازار لگتا تو جانوروں کے تاجر اطراف میں اپنے آدمیوں کو لگائے رکھتے تھے۔ جب کوئی گاہک آتا اور کسی جانور کو پسند کرتا اور اس کے دام لگاتا تو فرضی گاہک بھی پہنچ جاتے اور اس طرح زیادہ دام کی پیشکش کر دیتا۔ یوں وہ زیادہ سے زیادہ دام پر جانور اٹھا کر لے جاتے۔ ... کرتے تھے۔

مدینے کی اسلامی حکومت نے اس طریقے کو قانوناً بند کر دیا کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خریدار کو دھوکہ دینے کے لئے مول بڑھوانے سے منع کیا تھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔
"ناجش، سود خور اور خائن ہوتا ہے اور یہ ایک دھوکہ ہے جو جائز نہیں۔"
ناجش اس شخص کو کہا جاتا ہے جو اپنے دلالوں کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ بولی لگواتا تھا۔

اونٹنی، بھینس، بکری اور دوسرے دودھ دینے والے جانوروں کو جب فروخت کے لئے بازار میں لایا جاتا تو چند دن پہلے ہی سے ان کا دودھ تھنوں میں چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اسے دوہتے نہیں تھے تاکہ تھن بھرے بھرے نظر آئیں اور یہ گمان ہو کہ جانور زیادہ دودھ دینے والا ہے حالانکہ وہ جانور اتنا دودھ دینے والا نہ ہوتا۔ اگر کوئی دھوکے میں آ کر خرید لے جاتا تو پہلے دن تو کافی دودھ اترتا، مگر دوسرے دن تھن تنگ ہو جاتے، خریدار کو افسوس ہوتا کہ اس نے زیادہ رقم بھی دی اور جانور بھی خشک نکلا۔ دودھ زیادہ دکھانے کے لئے کئی دن تک نہ دوہنے کو کاروباری زبان میں "تصریہ" کہتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھلا "تصریہ" کو حرام کر دیا اور فرمایا۔
"اگر کوئی ایسا جانور خریدے تو دوہنے کے بعد اسے بیع کو فسخ کرنے کا اختیار ہوگا کہ مرضی ہو تو رکھے ورنہ ایک صاع کھجور کے ساتھ واپس کر دے۔"

پھر اس طرح کے تمام تجارتی قضیوں سے بچنے کے لئے ایک اصول مقرر فرما دیا۔
"پھل اگر جب تک نہ لیا جائے۔"
"پشم اگر جانور کے جسم پر ہو!"
"اور دودھ جو تھن کے اندر، تو ان کی بیع ممنوع ہے۔"

نیکوکار تاجروں کو آپ نے بشارت دی
امانت دار اور راست باز تاجر آخرت میں نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہو گا۔
آپؐ نے دعا فرمائی۔
"اس آدمی پر اللہ تعالیٰ رحمت نازل کرے جو خرید و فروخت اور تقاضے کے وقت شرافت سے کام لیتا ہے۔"

صدق جدید لکھنؤ

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۷ ، شمارہ ۷ — پندرہ روزہ کرسینٹ ٹورنٹو کینیڈا — ۱۵ جون ۱۹۷۵ء

شیخ عبداللہ اور اندرا گاندھی میں شدید اختلاف پیدا ہو گیا

ریاستی وزیر اعلیٰ اندرا کی ناراضگی کے باوجود مقبوضہ علاقہ میں اپنی پارٹی سابقہ نیشنل کانفرنس بحال کرنا چاہتے ہیں

مرزا افضل بیگ نے محاذ رائے شماری کو توڑنے سے انکار کر دیا

اختلاف ختم کرانے کے لئے صدر فخر الدین علی احمد اور دوسرے لیڈروں کی دوڑ دھوپ

لندن — (ریڈیو رپورٹ) مقبوضہ کشمیر کے وزیر اعلیٰ شیخ عبداللہ اور بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہو گئے ہیں۔ ریاست کے مقامی حالات کے باعث شیخ عبداللہ نیشنل کانفرنس کا احیاء چاہتے ہیں اور وہ کانگریس میں شامل ہونے کے لئے تیار نہیں۔ اور محاذ رائے شماری کے سربراہ مرزا افضل بیگ نے اپنی پارٹی کو کانگریس میں مدغم کرنے سے انکار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ نیشنل کانفرنس میں بھی محاذ کو شامل نہیں کریں گے۔ بھارت کے صدر فخر الدین علی احمد اور دوسرے سرکردہ کانگریسی لیڈر شیخ عبداللہ سے مرکزی حکومت کے اختلافات ختم کرانے کے لئے سرگرم ہو رہے ہیں۔

سرینگر میں مقیم اپنے نامہ نگار ستیال ساہنی کے حوالے سے بی بی سی نے بتایا ہے کہ محاذ رائے شماری کچھ عرصہ پہلے تک اپنا نام بدلنے کے لئے تیار تھا لیکن اب اس کے طرز عمل میں سختی پیدا ہو گئی ہے مرزا افضل بیگ نے اعلان کیا ہے کہ محاذ رائے شماری کو کسی صورت میں کانگریس پارٹی میں مدغم نہیں ہونے دیا جائے گا کیونکہ اس سے داخلی خود مختاری متاثر ہوگی انہوں نے کہا ہے کہ فروری میں وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی اور شیخ عبداللہ میں جو سمجھوتہ ہوا تھا اس میں ریاست میں داخلی خود مختاری کی ضمانت دی گئی ہے۔ ... اس امر کا امکان تھا کہ مقبوضہ ریاست میں ایک نئی پارٹی تشکیل دی جائے شیخ عبداللہ اس نئی پارٹی اور کانگریس پارٹی کے نگران ہوتے لیکن اس سے محاذ رائے شماری کی پوزیشن کمزور ہو جاتی اور مرزا افضل بیگ اس کے لئے ہرگز تیار نہیں بھارتی حکمرانوں نے شیخ عبداللہ کو اس بات پر تیار کر لیا کہ وہ نیشنل کانفرنس کا احیاء کریں۔ ۱۹۵۳ء تک اس پارٹی کے نگران رہے لیکن بعد میں انھیں برطرف کر کے جیل میں ڈال دیا گیا تھا۔ شیخ عبداللہ نے مرزا افضل بیگ اور کانگریس کے صدر میر قاسم کو نیشنل کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر نیشنل کانفرنس کا احیاء ہو جاتا ہے تو جموں، کشمیر اور لداخ میں کانگریس پارٹی کا خاتمہ ہو جائے گا اور وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی یہ ہرگز برداشت نہیں کریں گی کہ مقبوضہ ریاست میں کانگریس کا وجود ختم ہو جائے۔ مرزا افضل بیگ کا محاذ رائے شماری نئی پارٹی کی تشکیل کی حمایت کے لئے تیار نہیں۔ کل رات سرینگر میں محاذ رائے شماری کا ایک اجلاس ہوا جس میں اس بات پر شدید اختلاف تھا کہ نیشنل کانفرنس کے احیاء کو قبول کیا جائے۔ محاذ اور کانگریس نیشنل کانفرنس میں شامل ہونے کے لئے تیار نہیں۔ بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے شیخ عبداللہ سے مصالحت کے حق میں یہ دلیل پیش کی تھی کہ مرکزی حکومت شیخ عبداللہ سے صرف آزادی کے حق میں نہیں ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ بھارت کی مرکزی حکومت اور شیخ عبداللہ کے درمیان کشیدگی کے امکان کو ختم کرنے کے لئے صدر فخر الدین علی احمد سمیت حکومت کے اعلیٰ لیڈر اس ماہ سرینگر جا رہے تھے اور شیخ عبداللہ پر زور دیں گے کہ وہ محاذ آرائی کا ارادہ بدل دیں لیکن آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرکزی حکومت اور شیخ عبداللہ میں محاذ آرائی آگے بڑھے گی۔

کویت پاکستان کو کروڑوں روپے مالیت کے منصوبوں کیلئے مالی امداد دے گا

• قومی اسمبلی میں میڈیکل پریکٹیشنرز ایکٹ اور نیشنل رجسٹریشن ایکٹ میں ترمیم کا بل منظور کر لیا گیا •

صوبائی بار کونسلوں میں آئندہ کوئی ضمنی انتخاب نہیں ہوگا

شپ یارڈ میں پڑے ہوئے کروڑوں روپے کے طبی آلات کی تحقیقات ہوگی

اسلام آباد — (اے پی پی) آج یہاں قومی اسمبلی کو بتایا گیا کہ کویت پاکستان کو کروڑوں روپے مالیت کے منصوبوں کیلئے مالی امداد دے گا۔ قومی اسمبلی میں آج دو سرکاری بل منظور کر لئے گئے جن میں میڈیکل پریکٹیشنرز اور بار کونسل ایکٹ میں ترمیم اور نیشنل رجسٹریشن ایکٹ میں ترمیم کا بل شامل ہیں۔ ... بل کا مقصد یہ ہے کہ اگر صوبائی بار کونسل کی کوئی نشست خالی ہو جائے تو اس پر انتخاب کی بجائے اس شخص کو منتخب قرار دیا جائے جس نے پچھلے الیکشن میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کئے تھے۔ اور اگر ایسا کوئی ممبر موجود نہ ہو تو کونسل بار کا عہدہ پر نامزد کر سکتی ہے۔ دوسرا بل وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے پیش کیا۔ اس بل کا مقصد یہ ہے کہ شناختی کارڈوں کی اگر کوئی شخص غلط تصدیق کرے اس کو قرار واقعی سزا دی جائے مسٹر خورشید علی نے تجویز پیش کی کہ اسے اسمبلی کی سرکاری کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے۔ انہوں نے اس مقصد کیلئے منافع ظلم کی عبرت کی بھی مخالفت کی۔

التواء کی تحریکیں — وفاقی وزیر صحت مسٹر حفیظ اللہ چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت نے کراچی شپ یارڈ میں کافی عرصہ سے پڑے ہوئے کروڑوں روپے کے آلات کے بارے میں تحقیقات کا حکم دیا ہے انہوں نے یہ بات قومی اسمبلی میں راؤ خورشید علی کی ایک تحریک التواء کے جواب میں کہی۔ راؤ خورشید نے کہا کہ کراچی شپ یارڈ میں گزشتہ چار سال سے کروڑوں روپے کے ہسپتال کے آلات پڑے ہیں جن کی بڑی قلت ہے ایسی صورت میں ضرورت ہے کہ حکومت اس کی تحقیقات کرے۔ مسٹر حفیظ اللہ چیمہ نے کہا کہ حکومت اس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کر رہی ہے۔ اس کے بعد راؤ خورشید علی نے اپنی تحریک پر زور نہیں دیا۔

نواب اکبر بگٹی کو ڈیرہ بگٹی میں نظر بند کر دیا گیا

کوئٹہ — معلوم ہوا ہے کہ بلوچستان کے سابق گورنر نواب اکبر خان بگٹی کو ڈیرہ بگٹی میں ان کے گھر میں نظر بند کر دیا گیا ہے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق چند روز قبل بگٹی قبیلے کے ایک شخص دستور حاجی اور دو افراد کئی کے متعدد مقدمات میں مطلوب تھا ڈیرہ بگٹی میں اپنے گھر میں چھپا ہوا تھا جب مقامی حکام کو اطلاع ملی تو سرکاری عملہ دستور کو گرفتار کرنے کے لئے اس کے گھر پہنچا تو دستور اور اس کے ساتھیوں نے سرکاری ملازمین پر فائرنگ کی جس سے ایک سرکاری ملازم زخمی ہو گیا جو بعد میں چل بسا۔ دستور اور اس کا ساتھی شہداد بھاگ کر نواب بگٹی کے گھر پہنچ گئے اور نواب بگٹی کے پاس پناہ لے لی معلوم ہوا ہے کہ اس واقعہ کے بعد نواب اکبر بگٹی کو ڈیرہ بگٹی میں نظر بند کر دیا گیا ہے۔

بیگم بھٹو نے اردو میں تقریر کی

کراچی — (اشاعت رپورٹر) ہوم اکنامکس کالج کے سالانہ اجتماع کے موقع پر جب تمام کارروائی انگریزی زبان میں ہوئی بیگم نصرت بھٹو نے اردو میں تقریر کر کے قومی زبان سے اپنی محبت کا ثبوت دیا۔ انہوں نے انتہائی شستہ زبان میں تقریر کی۔

خاتون اول بیگم نصرت بھٹو ۹ جون کو کراچی کالج آف ہوم اکنامکس کی طالبات اور عملہ سے خطاب کر رہی ہیں

ابراہیم جلیس کو فرسٹ سیکریٹری مقرر کیا جا رہا ہے

کراچی — (پی پی آئی) اردو کے کالم نویس اور پرانے صحافی ابراہیم جلیس کو ایک پاکستانی سفارت خانے میں فرسٹ سیکریٹری کے عہدے پر تعینات کیا جا رہا ہے خیال کیا جاتا ہے کہ انہیں اس عہدے پر کسی ایشیائی ملک میں متعین کیا جائے۔

بھارت کی طرف سے پاکستان اور عرب ممالک کے درمیان منافرت پھیلانے کی شرمناک مہم

پاکستان عربوں کے لئے خطرے کا باعث بن جائے گا: بھارتیوں کا شر انگیز پراپیگنڈا

لندن — بھارت نے مشرق وسطیٰ کے عرب ممالک اور پاکستان کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لئے ایک شرمناک مہم شروع کی ہے حالانکہ عرب ممالک کے مالی وسائل سے خود بھارت زیادہ فائدہ اٹھا رہا ہے ... ۱۹۵۶ء کے نہر سویز کے بحران کے دوران پاکستان کے کردار اور اس دوران پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا ... بھارت کے حامی یہ پروپیگنڈا کر رہے ہیں ... پاکستان ... سیاسی ... اور اقتصادی ... عرب ممالک ... بھارت سے تعلقات قائم رکھ کر بہت فائدے حاصل کر سکتے ہیں ... بھارت سے تعلقات رکھنے سے حاصل ہو سکتا ہے۔

اسلامی بنک کے لئے پاکستان کے حصے کی رقم

جدہ — (اے پی پی) پاکستان نے اسلامی ترقیاتی بنک کے لئے جو اس سال کام شروع کر دے گا، ۱۰ ملین ڈالر کا حصہ ادا کر دیا ہے۔ پاکستان کا شمار ان محدود چند ممالک میں ہوتا ہے جنہوں نے اسلامی ترقیاتی بنک کے لئے سب سے پہلے اپنے حصے کی رقم ادا کر دی ہے۔ یہ چیک سعودی عرب کی مالی ایجنسی کے ڈپٹی گورنر کو سعودی عرب میں پاکستانی سفیر مسٹر علیم اللہ نے پیش کیا۔ بنک کا ابتدائی کام مکمل ہو چکا ہے اور بنک اس سال کے دوران کام شروع کر دے گا۔ اس سلسلے میں ایک رپورٹ آئندہ ماہ جدہ میں ہونے والے وزراء خارجہ کے اجلاس میں پیش کر دی جائے گی جس کے بعد بنک کے کام کرنے کی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔ بنک کے لئے تیل پیدا کرنے والے تمام اسلامی ممالک نے اپنے حصے کی رقم جمع کرا دی ہے اب سٹاف کی بھرتی کا مسئلہ زیر غور ہے۔

کرسینٹ درجہ اول کی ڈاک سے

۱۵ مارچ کے شمارے میں ہمارے استفسار کے جواب میں ہمارے چند قارئین نے اخبار کو درجہ اول کی ڈاک سے بھجوانے کا مشورہ دیا ہے تاکہ اخبار کے دیر سے پہنچنے کی شکایت کا ازالہ ہو سکے۔ جو قارئین اپنی کاپی درجہ اول کی ڈاک سے منگوانے کے خواہش مند ہیں وہ چندے کی شرح کا اضافہ پیش نظر رکھتے ہوئے اس کوپن خریداری سے نوٹ فرمالیں۔ شکریہ (ادارہ)

SUBSCRIPTION RATES:
- ☐ FOR ONE YEAR $6.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $8.00
- ☐ FOR TWO YEARS $10.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $14.00
- ☐ FOR SIX MONTHS $4.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE: (416) 493-4374

NAME:

ADDRESS:

POSTAL CODE:

TELEPHONE:

U.S. cheques please include an additional



القاہرہ — (اے ایف پی، اے پی پی، ریڈیو رپورٹ) امریکی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ پاکستان کی علاقائی سالمیت میں برابر دل چسپی لیتا رہے گا لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہی بھارت اور پاکستان کے درمیان جس گہری مفاہمت کا آغاز ہوا ہے اس کی بھی برابر حمایت کرتا رہے گا۔ ... پاکستان کی گزشتہ ساڑھے تین سال کی اقتصادی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے ... گزشتہ تین سال کی شدید مالی مشکلات کے باوجود پاکستان نے غیر معمولی ترقی کی ہے۔

امریکہ پاکستان کی علاقائی سالمیت میں دل چسپی لیتا رہے گا۔ پاکستان نے آزمائشوں کے باوجود غیر معمولی ترقی کی ہے۔ ہنری کسنجر